# وافی انرجی نے پاکستان میں شیل کا نیاV-Power فیول متعارف کرا دیا

**کراچی،پاکستان،25اگست،2025:** پاکستان میں شیل کے فیولز اور لیوبریکنٹس کے واحد لائسنس یافتہ ادارے، وافی انرجی پاکستان نے جدید اور بہتر شیل وی-پاور( V-Power )متعارف کرادیاہے، جو پاکستان میں گاڑیاں استعمال کرنے والوں کے لیے پریمیم فیول کی جدت میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ شیل کی ایک صدی پر محیط تکنیکی قیادت کے تسلسل کے ساتھ، شیل وی-پاور جدید ٹیکنالوجی سے تیار کردہ مزید بہتر فیول ہے جو صارفین کوانجن کی زیادہ بہتر کارکردگی اور اضافی طاقت فراہم کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

شیل وی-پاور کی اس نئی قسم کا پاکستان میں شیل کی 78 سالہ میراث کا تسلسل ہے، جو 1947ء میں برما شیل کے طور پر شروع ہوئی تھی۔ اس عرصے کے دوران، شیل نے ملکی توانائی کے شعبے انقلابی اقدامات کیے، جس میں پاکستان کی ابتدائی بڑی صنعتوں کو توانائی فراہم کرنے سے لے کر قومی انفراسٹرکچر کی تعمیر میں اہم کردار شامل ہیں۔ شیل نے پاکستان میں کئی جدتیں بھی متعارف کروائیں، جن میں ری سائیکل پلاسٹک سے ملک کا پہلا ریٹیل فیول اسٹیشن قائم کرکے ماحول دوست اقدامات کی مثال قائم کی ۔

سنہ1970 میں برما شیل، پاکستان برما شیل بنا اور 1993 میں یہ شیل پاکستان لمیٹڈ میں تبدیل ہو گیا۔ آج، وافی انرجی پاکستان کے طور پر، کمپنی شیل کی عالمی مہارت کو وافی انرجی کے وژن کے ساتھ یکجا کر رہی ہے تاکہ پاکستان کے لیے ایک طویل المدتی توانائی پارٹنر بن سکے۔ وافی انرجی، جو مشرقِ وسطیٰ کی ایک کمپنی ہے اور سعودی عرب میں شیل کی واحد لائسنس یافتہ پارٹنر ہے، پاکستان میں معاشی ترقی کو فروغ دینے، جدت کو آگے بڑھانے اور مقامی ضروریات کے مطابق جدید توانائی کے حل فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

پاکستان میں سعودی سفارت خانہ کے ایک نمائندے نے کہا کہ:" پاکستان میں وافی انرجی کی آمد سعودی عرب اور پاکستان کے بڑھتے ہوئے تعلقات کی عکاسی کرتی ہے۔ ہم وافی انرجی کو مارکیٹ میں جدید اور پریمیم فیول متعارف کرانے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں کہ یہ کمپنی شیل کی شاندار روایت کو برقرار رکھتے ہوئے دیگر غیر ملکی کمپنیوں کے لیے ایک روشن مثال بنے جو پاکستانی مارکیٹ میں سرمایہ کاری کرنا چاہتی ہیں ۔ "

وافی انرجی پاکستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرکے رکن ،جاوید اخترنےکہا:" نیا شیل وی-پاور متعارف کرانا اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم پاکستان کے صارفین کو کارکردگی، استعداد اور جدت میں بہترین کارکردگی فراہم کرنے کے اپنے وعدے پر قائم ہیں۔ ہم صرف ایک مزید بہتر فیول متعارف نہیں کروارہےبلکہ ملک میں نقل و حرکت کے مستقبل میں ایک سرمایہ کاری کررہے ہیں۔"

مستقبل کے حوالے سے، وافی انرجی پاکستان کو ایک بے پناہ صلاحیتوں والا ملک سمجھتی ہے جس کی نوجوان آبادی، ترقی کرتی ہوئی صنعتیں، اور خطے میں اسٹریٹجک اہمیت نمایاں ہے۔ وافی انرجی توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری اور جدت کا سلسلہ جاری رکھے گی، پائیدار اقدامات کے ذریعے کمیونٹیز کی معاونت کرے گی، اور ایک ایسا توانائی کا منظرنامہ تشکیل دینے میں کردار ادا کرے گی جو قوم کی بدلتی ہوئی ضروریات کو پورا کرسکے ۔

**—XXX—-**

**About Wafi Energy Pakistan Limited**

Wafi Energy Pakistan Limited (formerly Shell Pakistan Limited) is a licensee for Shell in Pakistan. Wafi Energy Pakistan is majority owned by Wafi Energy Holding Limited ("Wafi Holding").

In 2024, Wafi Holding acquired an 87.78% stake in Shell Pakistan Limited, marking its entry into the Pakistani market. This transition represents more than just a change in ownership; it signals a strategic foreign GCC investment aimed at expanding the country's energy and fuel retail industry infrastructure. It is important to note that an associated company to Wafi Holding has an agreement with Shell Brands International AG to be the sole representative of the Shell brand for fuel stations in Saudi Arabia. The strategic acquisition in Pakistan allows Wafi Holding to expand its energy business and strengthen its presence in the country, where Shell has a 77+ year history.

Wafi Energy Pakistan stands as one of the oldest and established energy partners in the industry and a leading player in the lubricants market in Pakistan. The company has a network of 600+ Shell retail sites, countrywide oil terminal facilities, Lubricants oil blending plant, and a broad portfolio of global Shell Lubricant brands including Helix, Rimula and Advance lubricants. The company is the largest private investor in the strategic White Oil Pipeline operated by Pak-Arab Pipeline Company (PAPCO). With a legacy since 1947 in the country, developing and distributing energy by land, air and sea, the company has endeavored to support Pakistan's developmental priorities.

The investment by Wafi Holding, an Arabian Gulf company, marks a significant milestone in Pakistan's energy sector. Wafi Holding's entry into Pakistan's oil marketing industry is poised to advance the competitive landscape, bringing in growth, expertise, innovative solutions, and a long-term commitment to sustainable energy development.

For Media Queries:

*Syntax Communications*
Faisal Mushtaq: 0321-2431568
Sheeraz Mohiuddin: 0333-2235774